سوال

(982) کسی کا زیور گم ہو جائے تو قیمت دینا لازم ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے کسی سے پہننے کا زیور مستعار لیا اور پھر وہ اس سے گم ہو گیا، کیا اس کی قیمت دینا لازم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس عورت نے اس کی حفاظت میں قصور اور بے احتیاطی کی ہو تو باتفاق علماء اسے اس کا جرمانہ دینا ہو گا۔ اگر حفاظت میں کوئی کمی نہ کی ہو تو اس صورت میں علماء کا اختلاف مشہور ہے۔ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب میں اس پر کوئی ضمانت (جرمانہ) نہیں ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے مذہب میں ہے کہ اسے ضمانت (جرمانہ) دینا ہو گا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک یہ ہے کہ اگر اس کے ضائع ہونے کا سبب معلوم ہو تو کوئی ضمانت نہین ہے، اور اگر کہے کہ معلوم نہیں کس طرح کھو گیا تو اس کی یہ بات قبول نہیں کی جائے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 696

محدث فتویٰ